سوال

(505) حقہ کے پانی کا کیا حکم ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حقہ کا پانی پاک ہے یا ناپاک؟ کپڑے لگ جانے سے نماز ہوگی یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اگر اوصاف ثلاثہ بوجہ نجاست کے متغیر ہوگئے ہوں تو ناپاک ہے، ناپاک کپڑے میں نماز نہیں ہوتی۔

(مفتی ابو محمد عبدالستار غفرلہ الغفار المہاجری) (فتاویٰ ستاریہ جلد نمبر ۱ ص ۸۱)

تشریح:... پانی حقہ پلید ہونے پر کوئی دلیل نہیں پانی بند ہرنے کی وجہ سے اوصاف ثلاثہ متغیر ہوتے ہیں۔ نہ کہ نجاست کی وجہ سے جیسا کہ کنویں سے پانی نہ کھینچنے سے اوراق شجر گرنے کی وجہ سے پانی بدبودار ہوتا ہے۔ تو استعمال کو دل نہیں چاہتا ایسا ہی یہ ہے۔ فافہم وتدبر علی محمد سعیدی جامعہ سعیدیہ خانیوال

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الطہارۃ جلد 1 ص 42

محدث فتویٰ